

Jubilee
LIFE INSURANCE

# جوبلی ایلیٹ پلان

## دی الٹیمیٹ ایکسپیرنس

HBL Prestige

اس خوشی کا کوئی نعم البدل نہیں جو کہ آپ محسوس کرتے ہیں جب آپ اپنی سرمایہ کاری میں لگائے گئے پیسے پر زیادہ سے زیادہ منافع حاصل کرنے پر محسوس کرتے ہیں بلکہ اس محنت اور لگن پر بھی جو کہ آپ نے اپنی فیملی کے لیے اُسے کمانے پر صرف کی۔جب آپ اپنے اور اپنے کنبے کے لئے دیکھے گئے خوابوں کو پورا کرنا چاہتے ہو تو آپ کے اہل خانہ کی سلامتی کا یہ احساس آپ کو مستقبل میں سکون اور آسانی فراہم کرتا ہے۔

جوبلی ایلیٹ پلان، جوبلی لائف انشورنس کی جانب سے اپنے ڈسٹری بیوشن پارٹنرا ایچ بی ایل کے ساتھ پیش کیا گیا ایک یونٹ لنکڈ انڈومنٹ پلان ہے جو آپ کے لیے زندگی کو بدلنے والا موقع ہوسکتا ہے، جو آپ کو زیادہ سے زیادہ منافع کے ساتھ مستقبل کا بہترین تحفظ فراہم کرتا ہے۔

## اہم فوائد

- اپنے تحفظ کو بڑھانے کے لیے اضافی اختیاری فوائد میں سے کسی کو منتخب کریں۔
- اپنے فنڈز کی جمع شدہ کیش ویلیو کو جزوی یا مکمل طور پر واپس لینے کی سہولت۔
- اپنی سرمایہ کاری کو اضافی بچت ،جو آپ کے پاس ہو،کے ساتھ بڑھائیں
- اپنے پریمئیم میں اضافہ کرکے افراط زر سے نمٹنے کا ایک آپشن۔
- آپ اور آپ کے خاندان کے لیے طویل مدتی مالی تحفظ۔
- **پالیسی ہولڈر پالیسی دستاویز کی وصولی سے 14 دن کے اندر پالیسی منسوخ کر سکتا ہے۔**

## نمایاں خصوصیات

- **اہلیت**
  آپ جوبلی ایلیٹ پلان سے فائدہ اٹھانے کے اہل ہیں ، اگر آپ کی عمر 18 سے 70 سال ہے۔

- **مدت**
  دستیاب ٹرم رینج 10 سے 25 سال ہے ، جو میچورٹی کے وقت زیادہ سے زیادہ 80 سال کی عمر سے مشروط ہے۔

- **کم سے کم پریمئیم**
  اس پلان کے تحت کم از کم پریمئیم 1,250,000روپے سالانہ ہے۔

- **ادائیگی کا طریقہ**
  سالانہ اور ششماہی

## پراڈکٹ کے فوائد

- **موت پر فائدہ(ڈیتھ بینیفٹ)**
  ناگہانی موت کی صورت میں آپ کے نامزد شدہ بینیفیشریز کو سم ایشورڈ یا آپ کے فنڈز کی جمع شدہ کیش ویلیو (جو بھی زیادہ ہو )ملے گی۔

سم ایشورڈ وہ ضمانت شدہ کم سے کم رقم ہے جو کہ موت پر قابل ادائیگی ہے۔سم ایشورڈ کا تعین سالانہ بیسک پریمئیم کو کور ملٹیپل سے ضرب دے کر کیا جاتا ہے۔اِس پلان کے تحت پیش کردہ کور ملٹیپل کی رینج 5 سے 25 ہے۔چنانچہ آپ کا سم ایشورڈ سالانہ بیسک پریمئیم کا 5 سے 25 گنا ہو سکتا ہے۔مثال کے طور پر اگر آپ کا سالانہ بیسک پریمئیم =/1,250,000 روپے ہے اور آپ نے کور ملٹیپل 10 کا انتخاب کیا ہے تو آپ کا سم ایشورڈ 1,250,000X10 = 12,500,000 روپے ہوگا۔

*پالیسی ہولڈر کو دستیاب کور ملٹیپل کی رینج لائف ایشورڈ کی انٹری ایج اور انڈر رائٹنگ کے فیصلے کے مطابق مختلف ہو سکتی ہے۔

- **میچورٹی بینیفٹ**
  پلان کی مدت کے اختتام پر ، پالیسی ہولڈر پلان کی مدت کے دوران جمع شدہ کیش ویلیو وصول کرے گا۔

## اختیاری فوائد

جوبلی ایلیٹ پلان آپ کو مندرجہ ذیل اختیاری فوائد کو منتخب کرنے کا اختیار بھی دیتا ہے۔

- **ایکسیڈنٹل ڈیتھ اور ڈسمیمبرمنٹ سپلیمینٹری بینیفٹ**

کنبہ کے کفیل کی حادثاتی طور پر معذوری یا موت گھریلو آمدنی میں تیزی سے اور اچانک کمی کر سکتی ہے اور کنبہ کے گزر بسر کرنے میں مشکلات پیدا کر سکتی ہے۔ حادثاتی موت یا معذوری کی صورت میں یہ بینیفٹ اضافی تحفظ فراہم کرتا ہے اور آپ کی فیملی کو ان حالات میں اضافی رقم دی جاتی ہے۔

- **ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ**

حادثاتی موت کی صورت میں آپ کے منتخب کردہ بینیفیشریز کو بیسک ڈیتھ بینیفٹ کے علاوہ اضافی رقم ادا کی جائے گی۔

- **جوبلی میڈی پال**

حادثہ یا علالت کے باعث ہسپتال میں داخلے کی صورت میں یہ بینیفٹ لائف کورڈ کو 250,000روپے سالانہ تک کی ان پیشنٹ کی لیمیٹ فراہم کرتا ہے۔مزید برآں کے لائف کورڈاپنی زوج کے لیے بھی میڈی پال کا انتخاب کرسکتا ہے۔ ممبر کو بغیر کسی ادائیگی کے منظور شدہ ہسپتال میں پرائیوٹ روم اور اعلیٰ طبّی سروسز ملیں گی۔

مزید تفصیلات کے لئے ، براہ کرم جوبلی میڈی پال کے فلائر کو ملاحظہ کریں۔

- **میڈیکل سیکنڈ آوپینئین**

یہ فائدہ آپ کو پوری دنیا میں موجود ماہرین سے دوسری طبّی رائے حاصل کرنے کا انتخاب پیش کرتا ہے تاکہ آپ صحیح تشخیص اور علاج معالجہ تلاش کر سکیں جو آپ کو اپنی زندگی کے بارے میں باخبر فیصلے کرنے میں مدد دے گا۔

مزید تفصیلات کے لئے براہ کرم میڈیکل سیکنڈ آراء کا الگ فلائر کو ملاحظہ کریں ۔

- **کینسر کور بینیفٹ**

یہ فائدہ آپ کو کینسر کی تشخیص ہونے کی صورت میں کوریج فراہم کرتا ہے تاکہ آپ اور آپ کے پیاروں کو آنے والے مالی بوجھ سے نجات مل سکے اور صرف آپ کی صحت یابی اور صحت پر توجہ دی جائے۔ بینیفٹ کی رقم آپ کو کینسر کے مرحلے یعنی ابتدائی مرحلے یا بعد کے مرحلے کے لحاظ سے ادا کی جائے گی۔

## پریمئیم

جوبلی ایلیٹ پلان کے لیے کم از کم پریمئیم 1,250,000روپے ہے۔ آپ سالانہ یا ششماہی پریمئیم ادا کر سکتے ہیں۔ کم از کم پریمئیم کی ادائیگی کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| تعداد/دورانیہ | کم سے کم رقم |
|---|---|
| سالانہ | 1,250,000 روپے |
| ششماہی | 625,000 روپے |

## پریمئیم ایلوکیشن

ادا شدہ پریمئیمز ذیل میں دیئے گئے شیڈول کے مطابق مختص کیے جاتے ہیں۔

| پالیسی سال | الاٹمنٹ فیصد |
|---|---|
| 1سال | 75 فیصد |
| 2سال | 95 فیصد |
| 3سال اور اس کے بعد | 100 فیصد |

| پالیسی سال | بونس ایلوکیشن |
|---|---|
| 5سال | 3 فیصد |
| 7سال | 7 فیصد |
| 10سال | 15 فیصد |
| 15سال | 20 فیصد |
| 20سال | 25 فیصد |
| 25 سال | 30 فیصد |

* بونس ایلو کیشن شرائط و ضوابط سے مشروط ہے۔
ایڈہاک 100%

## جوبلی ایلیٹ پلان کے تحت میرے ادا شدہ پریمئیمز کو جوبلی لائف کیسے مینج کرے گی ؟

آپ کے مختص پریمئیم آپ کی پسند کے فنڈز میں لگائے جائیں گے۔ان فنڈز کا نظم و نسق ماہر انویسٹمنٹ مینیجر چلاتے ہیں اور اِن کو سپورٹ پریمئیم سیکورٹیز سے ہوتی ہے۔

جوبلی لائف آپ کو درج ذیل چار فنڈز کا انتخاب پیش کرتا ہے۔آپ کسی بھی فنڈ میں مکمل طور پر سرمایہ کاری کرنے کا انتخاب کرسکتے ہیں جو آپ کی سرمایہ کاری کی ضروریات کے مطابق ہو یا دستیاب اختیارات کے مابین اپنے پریمئیم کو تقسیم کرے۔

## فنڈ

### جوبلی لائف بیلنسڈ فنڈ

یہ ایک ایسا فنڈ ہے جسے ایکویٹی، گورنمنٹ سیکیورٹیز اور قابل اجازت اثاثوں کی دیگر وسیع رینج میں متوازن مختص کے ساتھ مسابقتی طویل مدتی منافع پیدا کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اس فنڈ کی درجہ بندی درمیانے درجے کے رسک پروفائل والے فنڈ کے طور پر کی گئی ہے۔

### جوبلی لائف گورنمنٹ سیکیورٹیز فنڈ

یہ ایک ایسا فنڈ ہے جسے گورنمنٹ سیکیورٹیز، گورنمنٹ سیکیورٹیز سے متعلق آلات اور بینک ڈپازٹس میں سرمایہ کاری کے ساتھ طویل مدتی پائیدار منافع کے مواقع فراہم کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اس فنڈ کی درجہ بندی کم رسک پروفائل والے فنڈ کے طور پر کی گئی ہے۔

آپ کے پریمئیم ، بطور ڈیفالٹ ، جوبلی لائف انشورنس کے **جوبلی لائف گورنمنٹ سیکیورٹیز فنڈ** میں مختص کیے جائیں گے۔ جو کہ مختلف منی مارکیٹ اور حکومتی لون سیکورٹیز کے متنوع پورٹ فولیو میں سرمایہ کاری کرکے کم سے کم رسک کے ساتھ پائیدار منافع فراہم کرتا ہے۔یہ فنڈ ایکویٹی سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری نہیں کرتا ہے۔

تاہم ، آپ کے پاس ڈیکلریشن فارم پر دستخط کرکے ڈیفالٹ انویسٹمنٹ فنڈ کے علاوہ اپنی پسند کے کسی بھی فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا اختیار ہے۔

یہ فنڈز ماہر انویسٹمنٹ منیجرز چلاتے ہیں اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ پریمئیم فائنشل سیکیورٹیز کے تحت قابل انتظام رسک ایکسپوزر کے ساتھ بہترین منافع دے سکیں ۔
آپ کے پریمئیم منصوبے کی مدت کے دوران سرمایہ کاری پر منافع حاصل کریں گے۔ منتخب کردہ مدت کے اختتام پر ، آپ کو جمع شدہ کیش ویلیو یکمشت ملے گی۔

**نوٹ:** ان فنڈز کی ماضی کی کارکردگی ان فنڈز کے مستقبل کی کارکردگی کی ضمانت نہیں ہے۔
جوبلی لائف انشورنس فنڈز کی یونٹ قیمتیں روزانہ کے معروف اخبارات میں باقاعدگی سے اور جوبلی لائف کی ویب سائٹ www.jubileelife.com پر شائع ہوتی ہیں۔

## افراط زر

افراط زر سے نمٹنے کے لیے آپ کے پاس اپنی پالیسی میں انڈیکسیشن کا آپشن ہے۔ اس آپشن کا انتخاب آپ کی پریمئیم کی رقم کو ہر سال خود بخود بڑھا دے گا اس لیمیٹ کے مطابق جسے کمپنی نے مقرر کیا ہو گا۔ تاہم اگر آپ چاہیں تو انڈیکسیشن کو منسوخ کر سکتے ہیں ۔

## سرمایہ کاری سے دستبرداری

جوبلی ایلیٹ پلان کے تحت آپ کو اپنے فنڈ کی کیش ویلیو جزوی یا مکمل طور پر نکالنے کی سہولت ہے ۔

- **جزوی سرینڈر:** اگر آپ کو کچھ ہنگامی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے اپنی کیش ویلیو واپس لینے کی ضرورت ہےلیکن پالیسی کو سرینڈر کرنا نہیں چاہتے ہیںآپ کچھ رقم واپس لے سکتے ہیں۔ (جوبلی لائف انشورنس کی طرف سے مقرر کردہ کم سے کم واپسی کی رقم سے مشروط۔) بشرطیکہ جزوی سرینڈر کے بعد آپ کے یونٹ اکاؤنٹ میں بقایا کیش ویلیو 1,250,000روپے سے زیادہ یا اس کے برابر ہو۔پہلے دو پالیسی سالوں میں یونٹوں کی کیش ویلیو پر 5%کا جزوی سرینڈرچارجز کا اطلاق ہوگا۔پہلے دو پالیسی سالوں کے بعد جزوی سرینڈر چارجز لاگو نہیں ہوگا۔

جزوی دستبرداری کے باوجود آپ کا تحفظ بیمہ جاری رہے گا اگرچہ کے آپ کا سم ایشورڈ جزوی دستبرداری کی رقم کے برابر کم ہو جائے گا۔

جزوی دستبرداری کے بعد بقایا کیش ویلیو کی رقم تبدیلی سے مشروط ہے اور جوبلی لائف انشورنس کمپنی اس کی کم سے کم حد کی نظرثانی کر سکتی ہے اور اس میں تبدیلی کر سکتی ہے۔

- **مکمل پالیسی سرینڈر:** مکمل پالیسی سرینڈ ر آپ کسی بھی وقت اپنی پالیسی سرینڈر کر سکتے ہیں۔تاہم، پہلے دو پالیسی سالوں میں سرینڈر کی صورت میں جمع شدہ کیش ویلیو سے 5% سرینڈر چارجز کی کٹوتی ہوگی۔ پہلے دو پالیسی سالوں کے بعد کوئی سرینڈرچارجز لاگو نہیں ہوگا۔

اگر آپ طویل عرصے تک جوبلی ایلیٹ پلان میں سرمایہ کاری کرتے رہتے ہیں تو ، آپ بعد کے سالوں میں زیادہ کیش ویلیوز سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔سرینڈر کے وقت ، آپ کو اپنے فنڈ کی جمع شدہ کیش ویلیو ادا کی جائے گی۔ تاہم ، ابتدائی پالیسی سالوں میں سرینڈر کے نتیجے میں کیش ویلیو کم ہوسکتی ہے۔

## قیمتوں کے تعین کرنے کا طریقہ کار

جوبلی لائف فارورڈ یونٹ کی قیمتوں کے تعین طریقہ کار کی پیروی کرتی ہے۔ یہ فنڈ میں سرمایہ کاری کی کل قیمت کو قیمتوں کے تعین کی تاریخ کے مطابق فنڈ میں فعال اکائیوں کی تعداد سے تقسیم کرکے تیار کیا جاتا ہے

## کیا جوبلی ایلیٹ پلان کی دیگر بلٹ ان خصوصیات ہیں؟

- **آٹومیٹک کور کی بحالی**
  اگر آپ پہلے پالیسی سال کے بعد اپنی پریمئیم کی ادائیگیوں کو پورا نہیں کرسکتے ہیں تو، آپ پھر بھی لائف انشورنس کور کے اہل ہوں گے، جب تک کہ آپ کی پالیسی کے چارجز کی ادائیگی کے لئے آپ کے پلان کی کیش ویلیو کافی ہو۔

- **ایڈہاک پریمئیم**
  اپنی پالیسی میں کسی بھی وقت کیش ویلیو کو بڑھانے کے لیے، آپ ایڈہاک پریمئیم کی ادائیگی کرکے اس منصوبے کے تحت اپنے یونٹس کو بڑھا سکتے ہیں۔ یہ پریمئیم یونٹ اکاؤنٹ میں اس وقت کی آفر پرائس پر لگائے جائیں گے۔

## نظرثانی کی مدت

جوبلی لائف 14 دن کی نظر ثانی کی مدت کی پیش کش کرتی ہے جس کے دوران آپ اپنی پالیسی کے شرائط و ضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں، اور اگر ضرورت ہو تو پالیسی کو منسوخ کر سکتے ہیں۔اگر پالیسی دستاویزات کی وصولی سے 14 دن کے اندر منسوخی کی تحریری درخواست موصول ہوتی ہے تو آپ کا پریمئیم واپس کردیا جائے گا۔براہ کرم نوٹ کریں کہ جوبلی لائف طبّی معائنے پر ہونے والے اخراجات (اگر کوئی ہے) کی کٹوتی کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

## چارجز

جوبلی ایلیٹ پلان پر درج ذیل چارجز * لاگو ہیں:۔

| | |
|---|---|
| بڈ آفر سپریڈ | بیسک اور ایڈہاک پریمئیم کا 5% بڈآفر سپریڈ |
| مینجمنٹ چارجز | فنڈ ویلیو کا 1.5% سالانہ |
| ایڈمنسٹریشن چارجز | 245 روپے فی مہینہ |
| مورٹیلیٹی چارجز | ایس ای سی پی میں جمع شدہ چارجز کے مطابق |
| فنڈ سوئچنگ چارجز | ایک سال میں پہلے چار مفت سوئچ کے بعد 500روپے فی فنڈ سوئچ |
| سرنڈر / ودڈرال چارجز | پہلے سال میں کیش ویلیو کا 5%<br>دوسرے سال میں کیش ویلیو کا 5% |
| پریمیم ایلوکیشن چارج | سالانہ پریمیم مختص کا حساب لگایا جاتا ہے۔کیونکہ پریمیم کا سو فیصد سال کے لیے مختص کردہ پریمیم کا کم فیصد وصول کرتا ہے۔ |

* کمپنی تمام چارجز پر نظرثانی کر سکتی ہے۔

## اعلانات

- اس پروڈکٹ کو جوبلی لائف نے انڈر رائیٹ کیا ہے۔ یہ نہ ایچ بی ایل کی پراڈکٹ ہے اور نہ ہی ایچ بی ایل یا اس کا کوئی منسلکہ ادارہ اس کی ضمانت دیتا ہے۔
- یہ ایک لائف انشورنس پروڈکٹ ہے جس کے دو الگ الگ عناصر ہیں یعنی انشورنس پروٹیکشن اور انویسٹمنٹ۔ سرمایہ کاری کا جزو یونٹ سے منسلک فنڈ (فنڈز) کے تحت بنیادی اثاثوں کی کارکردگی سے منسلک ہے۔
- جوبلی لائف فنڈز کی ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کی ضمانت نہیں ہے۔ کوئی بھی پیش گوئی ضروری نہیں کہ فنڈز کی مستقبل یا ممکنہ کارکردگی کی نشاندہی کرے ، اور نہ ہی جوبلی لائف اور نہ ہی ایچ بی ایل اس کے لیے کوئی ذمہ داری اٹھائے گا۔
- سیلز کنسلٹنٹ آپ کو بینیفٹس کی ایک پرسنلائزڈ السٹریشن فراہم کرے گا۔ براہ کرم مختلف شرائط و ضوابط کی تفصیلی تفہیم کے لیے السٹریشن میں دیئے گئے نوٹ کو ملاحظہ کریں۔
- مختلف شرائط و ضوابط کی تفصیلی تفہیم کے لیے براہ کرم پالیسی دستاویز سے رجوع کریں۔
- اگر لائف کورڈ کی عمر، ممبرشپ کے اجراء کے وقت قریب ترین سالگرہ پر، 55سال یا اس سے کم ہے تو سپلیمنٹری بینیفٹس (ماسوائے میڈی پال )لیے جا سکتے ہیں۔
- ایچ بی ایل جوبلی لائف انشورنس کی جانب سے ڈسٹری بیوٹر کے طور پر کام کر رہا ہے اور کسی بھی طرح سے کسی بھی فرد کے سامنے بشمول لائف ایشورڈ ،بینیفیشریز یا کسی بھی تیسرے فریق کے سامنے جوابدہ اور ذمہ دار نہیں ہے۔
- جوبلی لائف انشورنس اس انشورنس پالیسی کا انڈر رائٹر اور فراہم کنندہ ہے اور وہ پالیسی سروسنگ اور انشورڈ کسٹمر ز اور بینیفیشریز کے دعوؤں کو پروسیس کرنے اور تصفیہ کرنے کا ذمہ دار ہے۔
- پالیسی ہولڈر انویسمنٹ رسک کو برداشت کرے گااور اصل میچورٹی یا سرینڈر ویلیو دکھائی گئی ویلیوز سے کم یا زیادہ ہو سکتی ہے۔اگر پالیسی ہولڈر ڈیفالٹ فنڈ کے علاوہ کسی اور فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا انتخاب کرتا ہے تو اسے حلف نامہ (ڈیکلریشن ) پر دستخط کرنا ہوں گے۔
- براہ کرم جوبلی لائف فیملی تکافل ویب سائٹ سے رجوع کریں (https://www.jubileelife.com/funds-2/fund-manager-reports) بنیادی فنڈ کے ہدف اثاثہ مکس کے لیے۔

## رابطہ کی تفصیلات:

شکایت اور مزید تفصیلات کے لئے آپ رابطہ کر سکتے ہیں:

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس: 74/1-A، لالہ زار ایم ٹی خان روڈ، کراچی، 74000، پاکستان

ٹیلی فون: (021) 32120201, 35205094

فیکس: (021) 35610959

ای میل: info@jubileelife.com

ویب سائٹ: www.jubileelife.com

یو اے این: (021) 111 111 554

ایس ایم ایس: اپنا سوال لکھ کر 8554 پر ارسال کریں

حبیب بینک لمیٹڈ

یو اے این: 111-111-425

ویب سائٹ: www.hbl.com